# منقبت امام حسن عسکریؑ

حسن عسکریؑ کی ثنا کرتے رہنا
یوں اجرِ رسالت ادا کرتے رہنا

علیؑ کے ملنگو درِ عسکریؑ سے
وفا کر رہے ہو وفا کرتے رہنا

مدینہ ہے اِک، علم کے در ہیں بارہ
درِ مصطفیؐ پہ صدا کرتے رہنا

ہے بغضِ حسن عسکری جان لیوا
منافق کو خود سے جدا کرتے رہنا

ظہورِ امامِ زمانہؑ کی ہر دَم
دعا کرنے والو دعا کرتے رہنا

ظفرؔ ہے یہ آلِ نبیؐ کی فضیلت
محبوں کو اپنے عطا کرتے رہنا